سوال

(32) نبی کریم کا نام سن کر انگوٹھے چومنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا نبی کریم کا نام سن کو انگوٹھے چومنا جائز ہے۔؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

ہمارے علم کے مطابق آپ کا نام لیتے یا سنتے وقت انگوٹھے چومنا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی کسی بھی صحیح حدیث سے ثابت نہیں ہے۔ لہذا ایسا کرنا بدعت ہے، اور پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے

«من أحدث في أمرنا ہذا ما ليس منه فہو رد»

"جس کسی نے بھی ہمارے اس دین میں کوئی ایسا کام ایجاد کیا اور نکالا جو اس میں سے نہیں تو وہ مردود ہے"

ھذا ما عندی واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ

جلد01